| سبقی منصوبہ بندی | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: پنجم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ____________ | ہفتہ: 2، دن: 1 | اُستاد کا نام: ____________ |

| سبق کا نام: شہریت اور انسانی حقوق (Citizenship and Human Rights) | باب اوّل: شہریت (Citizenship) |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- پہچان سکیں کہ شہری حقوق اور ذمہ داریاں کیا ہوتی ہیں اور وقت کے ساتھ یہ کیوں بدلتی ہیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب،

**تحریکی سرگرمی:** 5منٹ

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- طلبہ سے حقوق اور ذمہ داریوں میں فرق پوچھیں۔
- انھیں بتائیں وقت گزرنے کے ساتھ ان میں تبدیلیاں ہوتی رہتی ہیں۔ آج ہم انھی تبدیلیوں کے بارے میں جانیں گے۔

**تدریسی طریقہ کار:** 25منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 4 پر ''وقت کے ساتھ حقوق اور ذمہ داریوں کا بدلنا'' کے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں حقوق اور ذمہ داریاں وقت کے ساتھ بدلتی رہتی ہیں کیوں کہ زندگی گزارنے کے طریقے بدلتے رہتے ہیں۔
- انھیں مثال دے کر سمجھائیں ابھی آپ چھوٹے ہیں آپ کے ذمے دل لگا کر پڑھنا ہے اور والدین کی ذمہ داری آپ کو پڑھانا اور آپ کی زندگی کی تمام ضروریات کا خیال رکھنا ہے۔
- وقت گزرنے کے ساتھ جب آپ بڑے ہو جائیں گے اور والدین بوڑھے ہو جائیں گے تو پھر اُن کی ضروریات کا خیال رکھنا اور اُن کی خدمت کرنا آپ کی ذمہ داری ہو گی۔
- طلبہ کو بتائیں بالکل اسی طرح شہریوں کے حقوق اور ذمہ داریوں میں بھی تبدیلی آئی ہے۔
- جیسے قیامِ پاکستان کے وقت مہاجرین کی آباد کاری سے لے کر پینے کے صاف پانی، خوراک، بجلی، ہر چیز کی شدید کمی اور قلت تھی لیکن جیسے جیسے وقت گزرتا گیا ہر شعبے میں بہتری آتی گئی اور ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہو گیا اور لوگوں کو بھی ان کے بنیادی حقوق حاصل ہو گئے۔

- انھیں بتائیں قیامِ پاکستان کے بعد ملک کو مشکل صورتِ حال سے نکالنے اور ترقی کی راہوں پر گامزن کرنے کی ذمہ داری پاکستان کے شہریوں کی تھی۔
- انھیں تاکید کریں آج ہمارا یہ فرض ہے کہ ہم پڑھ لکھ کر اپنے ملک کے اداروں کی ترقی کے لیے کام کریں اور ایک اچھے اور مفید شہری ہونے کا ثبوت دیں۔

**اعادہ** **3منٹ**

پڑھائے گئے سبق کے اہم نکات کی دہرائی کریں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

طلبہ سے پوچھیں وہ اچھے شہری ہونے کے ناطے اپنے ملک کی خدمت کیسے کریں گے؟

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں پڑھایا گیا سبق کی گھر میں دہرائی کرنی ہے۔

| سبقی منصوبہ بندی | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: پنجم | پہلی سہ ماہی |
| --- | --- | --- | --- |
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ____________ | ہفتہ: 2، دن: 2 | اُستاد کا نام: ____________ |

| سبق کا نام: شہریت اور انسانی حقوق (Citizenship and Human Rights) | باب اوّل: شہریت (Citizenship) |
| --- | --- |

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- ڈیجیٹل شہری (Digital Citizen) ہونے کے اخلاقی تقاضوں کو پہچان سکیں اور آن لائن ہونے کی صورت میں اختلافِ رائے سے نمٹ سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب،

**تحریکی سرگرمی:** **5منٹ**

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بورڈ پر مختلف ایپلی کیشنز کی تصاویر چسپاں کریں۔
- طلبہ سے پوچھیں کیا وہ ان کا استعمال کرتے ہیں؟
- ان سے یوٹیوب، انسٹا گرام اور فیس بک وغیرہ کے استعمالات پوچھیں۔ ان کے جوابات سنیں اور حوصلہ افزائی کریں۔
- انھیں بتائیں آج ہم ڈیجیٹل شہری کے بارے میں جانیں گے۔

**تدریسی طریقہ کار:** **25منٹ**

- طلبہ سے صفحہ نمبر 5 پر ”ڈیجیٹل شہری اور ان کی ذمہ داریاں“ کے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں روزمرّہ زندگی میں ہم ٹیکنالوجی کا استعمال کر رہے ہیں۔ سوشل میڈیا پر مختلف ایپلی کیشنز کا استعمال کر کے ہم ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔ اس کے علاوہ ہم دنیا میں ہونے والے واقعات و حالات سے بھی باخبر رہتے ہیں۔ ان تمام ذرائع کا استعمال ہمیں ڈیجیٹل شہری بناتا ہے۔
- بورڈ پر لکھیں ”ایسا شہری جو سماجی اور شہری سرگرمیوں میں حصہ لینے کے لیے انٹرنیٹ اور دیگر ٹیکنالوجی کے ذرائع مثلاً: فیس بک، وٹس ایپ، انسٹا گرام وغیرہ استعمال کرے ڈیجیٹل شہری کہلاتا ہے۔“
- طلبہ کو بتائیں ڈیجیٹل شہری ٹیکنالوجی کا استعمال صرف مثبت مقاصد کے لیے کرتا ہے جن میں تعلیمی، ثقافتی اور معاشی سرگرمیوں میں حصہ لینا، دوسروں سے مثبت وابستگی رکھنا اور باہمی تعاون کو فروغ دینا شامل ہے۔

**اعادہ** **3منٹ**

پڑھایا گیا سبق مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

مشق کے سوال نمبر 1 کا سوال (iv) طلبہ سے پوچھیں اور جواب کاپیوں پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں کروائے گئے کام کی دہرائی کرنی ہے۔

| سبقی منصوبہ بندی | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: پنجم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ____________ | ہفتہ: 2، دن: 3 | اُستاد کا نام: ____________ |

| سبق کا نام: شہریت اور انسانی حقوق (Citizenship and Human Rights) | باب اوّل: شہریت (Citizenship) |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- ڈیجیٹل شہری (Digital Citizen) ہونے کے اخلاقی تقاضوں کو پہچان سکیں اور آن لائن ہونے کی صورت میں اختلافِ رائے سے نمٹ سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب، ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی:** **5منٹ**

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کرکے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- گزشتہ سبق کے اعادے کے لیے طلبہ سے پوچھیں:
- ڈیجیٹل شہری سے کیا مراد ہے؟ اچھا ڈیجیٹل شہری ٹیکنالوجی کا استعمال کس مقصد کے لیے کرتا ہے؟
- طلبہ کو بتائیں آج ہم "ڈیجیٹل شہری کی ذمہ داریوں اور آن لائن ہونے کی صورت میں اختلافِ رائے سے کیسے نمٹا جائے" کے بارے میں پڑھیں گے۔

**تدریسی طریقہ کار:** **25منٹ**

- طلبہ کو صفحہ نمبر 5 کے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- انھیں بتائیں کہ آن لائن رہتے ہوئے چند اخلاقی اُصولوں کا خیال رکھنا، ڈیجیٹل شہری کی ذمہ داری ہے۔
- بورڈ پر ان اصولوں کی فہرست بنائیں۔
  - آن لائن رہتے ہوئے دوسروں کے ساتھ عزت سے پیش آئے۔
  - تمام انٹرنیٹ سائٹس کے اصولوں کی پابندی۔
  - بغیر اجازت کسی کی معلومات کے استعمال سے گریز۔
  - تعصب اور غلط معلومات پھیلانے سے پرہیز۔
  - کسی شخص کی ساکھ اور کام کو نقصان پہنچانے سے گریز۔
- طلبہ کو تلقین کریں کہ جب بھی وہ آن لائن سرگرمیوں میں حصہ لیں تو ان اخلاقی اُصولوں کو مدِ نظر رکھیں۔

- انھیں بتائیں آن لائن سے مراد ایک ڈیجیٹل شہری کا مختلف سوشل میڈیا ذرائع سے دنیا بھر کے لوگوں سے جڑنا ہے اس صورت میں بہت سے لوگوں سے واسطہ پڑتا ہے جو مختلف نظریات اور اقدار کے مالک ہوتے ہیں۔
- لہٰذا ڈیجیٹل شہری کو ہر قسم کی صورت حال سے نمٹنے کے لیے تیار رہنا چاہیے۔ اُسے چاہیے کہ:
  - اختلافِ رائے کی صورت میں صبر و تحمل کا مظاہرہ کرے۔
  - دوسروں کی رائے کا احترام کرے۔
  - اور بات چیت کے وقت مناسب زبان اور الفاظ کا استعمال کرے۔

**اعادہ** **3منٹ**

پڑھائے گئے سبق کے نکات کی دہرائی کروائیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

سوال نمبر 2 کا سوال (iii) طلبہ سے پوچھیں اور جواب کاپیوں پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ

ڈیجیٹل شہری کی ذمہ داریوں سے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________